ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

گٹکا، مین پوری، ماوا کے کارخانوں، منشیات اور ڈیزل مافیا کے خلاف سندھ پولیس کا ایکشن۔

کراچی 02 جنوری 2020ء:۔

کراچی، حیدرآباد، میرپور خاص، شہید بینظیر آباد، سکھر اور لاڑکانہ پولیس رینج سے مجموعی طور پر 27135 ملزمان گرفتار۔ 22066 ایف آئی آرز کا اندراج۔ 11429 چھاپہ مار کاروائیاں۔ سال 2019ء کی کارکردگی رپورٹ آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام کو پیش۔

اے آئی جی آپریشنز سندھ کی رپورٹ کے مطابق:۔

گٹکا/ماوا/مین پوری فیکٹریز/کارخانوں کے خلاف سندھ کی تمام پولیس رینج میں 10161 ایف آئی آرز کا اندراج۔ 211 فیکٹریز کو سربمہر کیا گیا۔ 11995 ملزمان گرفتار۔ 4331470 کلوگرام سے زائد گٹکا/مین پوری برآمد۔

منشیات مافیا کے خلاف سندھ بھر میں 11163 چھاپہ مار کاروائیاں:۔

11905 ایف آئی آرز کا اندراج۔ 14618 ملزمان گرفتار۔ 14.47 کلو آئس، 89.289 کلو ہیروئن، 5070.14 کلو حشیش، 7700 کلوگرام چرس، 177.604 کلوگرام اوپیئم، 306694 لیٹر ملکی جبکہ 4379 لیٹر غیر ملکی شراب برآمد۔

ایرانی ڈیزل مافیا کے خلاف سندھ بھر میں 266 مقامات پر چھاپے اور گرفتاریاں:۔

552 ملزمان گرفتار۔ (1306003) تیرہ لاکھ چھ ہزار تین لیٹرز ایرانی ڈیزل ضبط کیا گیا۔

؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔